PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools











**شُکر گزاری کا موسم**

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

ہم تیزی کے ساتھ تھینکس گیونگ کی جانب بڑھ رہے ہیں، اور میں ہمارے این وائی سی پبلک اسکولز کی کمیونٹی کے لیے شکرگزاری کے گہرے جذبات رکھتی ہوں۔ بطور چانسلر، مجھے ہر دن، اسکول جانے اور ہر کلاس روم میں جاکر ہمارے خاندانوں کے ساتھ ملاقات کرکے کمیونٹی کے ساتھ مصروف رہنے کا اعزاز حاصل ہے۔ اور جبکہ ہم ملک میں سب سے بڑا ضلع ہیں، ہم نگہداشت اور گرمجوشی کا مضبوط احساس برقرار رکھتے ہیں، کیونکہ ہماری برادری یہ یقینی بنانے کے لیے انتھک کام کرتی ہے کہ ہر بچے کو عزیز جانا جائے، سمجھا جائے اور اسکی معاونت کی جائے۔

ہمارے عملے کے اراکین کے لیے: آپ کی مہارت اور عزم کی وجہ سے ہمارا نظام چل رہا ہے۔ آپ تمام شہر میں مختلف کرداروں میں خدمت کر رہے ہیں، لیکن آپ ایک ہدف کے لیے متحد ہیں جو ہم سب کا مشترکہ ہے: ہمارے طلباء کو روشن مستقبل دینا۔ میں سمجھتی ہوں کہ یہ کام ایک اعزاز اور ذمہ داری دونوں ہے، اور میں جانتی ہوں کہ آپ بھی اسی طرح محسوس کرتے ہیں۔ آپ کی تمام مدد کے لیے آپکا شکریہ۔

ہمارے خاندانوں کے لیے: آپ صحیح معنوں میں ہمارے شراکت دار اور ہمارے طلباء کے اولین اساتذہ ہیں۔ چاہےآپ نے ایک والدین کی قیادت کے عہدے کے لیے سائن اپ کیا ہے یا شام کے وقت اپنے بچے کے ساتھ مل کر مطالعہ کر رہے ہیں، آپ ہمارے نوجوان افراد کے فروغ اور کامیابی میں ایک نہایت اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ آپ کا اپنے بچوں کے بارے میں ہم پر اعتماد کرنے اور این وائی سی پبلک اسکولز منتخب کرنے کا شکریہ۔

T-39352 PS_You Issue 119 - Giving Thanks (Urdu)

ہمارے طلباء کے لیے: آپ کی وجہ سے ہم یہاں ہیں۔ آپ ہر روز تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور فروغ پا رہے ہیں، اور ہمیں آپ کی پیشرفت پر بہت فخر ہے۔ آپ کا شکریہ کہ آپ جو کچھ کر رہے ہیں اپنی بہترین کوشش کر رہے ہیں۔ ہم یہاں آپ کی کلاس روم میں اور اس کے باہر دونوں میں حوصلہ افزائی کے لیے موجود ہیں۔

اور ہماری برادریوں کے تمام افراد کے لیے جو ہمیں اسکولوں میں مساوات اور اعلیٰ معیار برقرار رکھنے میں مدد کرتے ہیں، آپ کا شکریہ۔ مجھے آپ کے ساتھ مل کر یہ کام کرنے پر فخر ہے۔ میں امید کرتی ہوں کہ آپ یہ موسم اپنے پیاروں کے ساتھ گزاریں گے اور کچھ آرام کریں گے جس کے آپ واقعی میں مستحق ہیں۔

شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

**ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:**



ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یو ٹیوب صفحے پر جائیں۔
ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

**NYCPS خبریں اور وسائل:**

- نومبر آبائی امریکی ورثے کا مہینہ ہے ہماری ویب سائٹ وسائل اور تقریبات پر جائیں۔
- 13-19نومبر ٹرانسجینڈر آگاہی کا ہفتہ تھا۔ دی مورننگ بیل پر معلومات اور وسائل تک رسائی حاصل کریں۔
- ہماری نئی شہریماکثیر ثقافتی طلباء تنظیم کے لیے درخواستیں کھلی ہیں .دلچسپی رکھنے والے ہائی اسکول طلباء کو 3 دسمبر تک درخواست دینی چاہیئے۔
- مزید خبروں اور وسائل کے لیے، NYCPS کو آن لائن فیس بُک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔
- میئر Eric Adams کی جانب سے ہفتہ وار تازہ ترین معلومات کے لیے میئر کے دفتر کے یوٹیوب صفحہ پر جائیں۔ آپ میئر کے دفتر کے ساتھ براہ راست تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لیے سائن اپ بھی کر سکتے ہیں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ اس خبرنامے کو مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔